بسم اللہ الرحمن الرحیم

ازہر شریف
دفتر شیخ الازہر

# راہنما
# برائے
# غیر ملکی طلبہ

## غیر ملکی طلبہ کے لئے تعلیمی نظام

ازہر شریف اپنے عالمی پیغام کی رو سے، کسی بھی فرق کے بغیر دنیا کے تمام مسلم طلبہ کے لئے تعلیمی خدمات فراہم کرتا ہے. علاوہ ازیں ازہر شریف وزارت خارجہ کے تعاون سے دنیا کے ایک سو (100) سے زائد ممالک کے طلبہ کو ہر سال تقریبا ایک ہزار دو سو (1200) تعلیمی وظائف دیتا ہے. غیر ملکی طلبہ کے لئے تعلیمی نظام متعدد مرحلوں پر مشتمل ہے:

1. تعلیم قبل از یونیورسٹی.
2. یونیورسٹی کی تعلیم.
3. اعلی تعلیم.

اس کتابچے میں ہم ہر مرحلے کے بارے میں مختصر معلومات اور ان میں داخلے کی شرائط کے ساتھ تعلیمی فیس اور اخراجات (اگرہوں) کے بارے میں معلومات دیں گے، علاوہ ازیں تعلیمی وظائف کے نظام ان کے حصول کی شرائط، طریقے اور ازہر شریف کے وظیفے پر تعلیم حاصل کرنے والے طلبہ کو حاصل ہونے والی مراعات کی وضاحت کریں گے.

## اول: تعلیم قبل از یونیورسٹی

**تعلیم قبل از یونیورسٹی مندرجہ ذیل مراحل پر مشتمل ہے:**

أ - ابتدائی مرحلہ (مدت تعلیم 6 سال ) .
ب - مڈل مرحلہ (مدت تعلیم تین سال) .
ج - ثانوی مرحلہ (مدت تعلیم تین سال) .

غیر ملکی طلبہ کو مندرجہ بالا کسی بھی مرحلے میں۔ سوائے ابتدائی مرحلے کی جماعت اول کے۔ داخلہ ان تمام شرائط کے پورا ہونے پر دیا جاتا ہے۔ (جن کا ذکر آگے آ رہا ہے) ۔

ان میں سب سے اہم شرط :

عربی زبان میں مہارت ہے

غیر ملکی طلبہ قاہرہ اور اسکندریہ میں کسی ایک معهد البعوث (ازھری انسٹی ٹیوٹ برائے غیر ملکی طلبہ) میں مڈل اور ثانوی مرحلوں میں (شعبہ ادبی) تعلیم حاصل کرتا ہے ثانوی مرحلے میں طالب علم اپنی خواہش سے قاہرہ اور اسکندریہ میں موجود کسی بھی عام ازھری انسٹی ٹیوٹ کے شعبہ سائنس میں داخلہ لیکر تعلیم حاصل کر سکتا ہے۔ بشرطیکہ کسی بھی معهد البعوث میں یہ شعبہ نہ ہو۔ اس کے لئے ازھر کی پیشگی منظوری ضروری ہے۔ ابتدائی مرحلے کے غیر ملکی طلبہ کسی بھی عام ازھری ابتدائی انسٹی ٹیوٹ میں تعلیم حاصل کر سکتے ہیں۔ علاوہ ازیں غیر ملکی طلبہ کو قراءات کے انسٹی ٹیوٹ میں تجوید اور عالیہ کے مرحلوں میں بھی داخلہ دیا جاتا ہے۔

## 1 - ابتدائی مرحلہ

غیر مصری طلبہ کو کسی بھی عام ازھری انسٹی ٹیوٹ یا خاص ازھری انسٹی ٹیوٹ میں ابتدائی مرحلے کی کسی جماعت میں فیس کی ادائیگی کے ساتھ داخلہ دیا جاتا ہے بشرطیکہ ان کے سرپرست کا مصر میں عارضی یا مستقل قیام قانون کے مطابق ہو اور اس مرحلے کے غیر مصری طلبہ کے لئے وہی قواعد ہیں جو ان کے ہم مثل مصری طلبہ کے لئے ہیں اور انہیں ازھر شریف کا تعلیمی وظیفہ نہیں دیا جاتا۔

جدول (ٹیبل نمبر 1) سے ابتدائی مرحلے میں داخلے کی شرائط کی وضاحت ہوتی ہے:

## ٹیبل (1) ابتدائی مرحلہ

| جماعت | عمر (سال) | داخلے کی شرائط | اضافی شرط |
|---|---|---|---|
| اول | 9 – 6 | | |
| دوم | 10 – 7 | اسکول سے کامیابی کی سند جو ازھر کے مساوی ہو یا ازھری انسٹی ٹیوٹ کی جانب سے کرائے جانے والے امتحان میں پاس ہو | سرپرست کا مصر میں عارضی/ مستقل قیام قانونی ہو |
| سوم | 11 – 8 | | |
| ؛چہارم | 12 – 9 | | |
| پنجم | 13 – 10 | | |
| ششم | 14 -11 | | |

## 2 - مڈل مرحلہ

غیر ملکی طلبہ قاہرہ اور اسکندریہ میں موجود معہد البعوث (غیر ملکی طلبہ کے لئے ازھری انسٹی ٹیوٹس) میں مڈل مرحلے کی پہلی جماعت میں داخلہ لے سکتے ہیں بشرطیکہ ان کے پاس ابتدائی ازھری یا اس کے مساوی سند ہو اسی طرح غیر مصری طلبہ اس مرحلے کی کسی بھی جماعت میں داخلہ لے سکتے ہیں بشرطیکہ انہوں نے ازھر شریف کی اس جماعت کا امتحان پاس کر لیا ہو. طلبہ جن کے پاس کوئی سند ہو وہ تعلیمی سال کے آغاز سے قبل، پہلے معیار کا تعین کرنے کے لئے انسٹی ٹیوٹ سیکٹر کی جانب سے ہر سال کرائے جانے والے امتحان میں پاس ہونے اور مڈل مرحلے کی جماعت کا تعین ہونے کے بعد انسٹی ٹیوٹ میں داخلہ لے سکتے ہیں.

عربی زبان میں (پڑھنے، لکھنے، بولنے، اور سننے) چاروں اعتبار سے ماہر ہونا ہر حالت میں بنیا دی شرط ہے.

ٹیبل (2) سے مڈل مرحلے میں داخلہ لینے کی شرطوں کی وضاحت ہوتی ہے:

## ٹیبل (2) مڈل مرحلہ

| جماعت | عمر (سال) | تعلیمی سند کے حامل طلبہ کے لئے شرائط | شرائط جن کے پاس تعلیمی اسناد نہ ہوں | عام شرط |
|---|---|---|---|---|
| اول | 12 – 26 | ازھری ابتدائی سند یا مساوی تعلیمی ادارے سے منتقلی کی سند | معیار کے تعین کے امتحان میں 40 – 49 ٪ نمبروں سے کامیاب ہونا | عربی زبان میں مہارت |
| دوم | 13 – 26 | | 50 – 59 ٪ نمبروں سے کامیاب ہونا | |
| سوم | 14 – 27 | | 60 ٪ یا اس سے زیادہ نمبروں سے کامیاب ہونا | |

## 3 - ثانوی مرحلہ

مندرجہ ذیل طلبہ کو ثانوی مرحلے کی کسی ایک جماعت میں داخلہ دیا جاتا ہے:

ا - ازھری مڈل مرحلے کی یا اس کے مساوی سند کے حامل طلبہ.

ب - مساوی اسکول سے کسی ایک جماعت میں پاس ہونے کی سند کے حامل طلبہ .

ج - پہلے مرحلے کے تعین کے امتحان میں 70٪ نمبر حاصل کرنے والے طلبہ .

یہ دوسرے مرحلے کے تعین کا امتحان دیں اور اس میں . ٹیبل نمبر (3) کے مطابق. 40 فیصد سے زیادہ نمبر حاصل کریں.

# ٹیبل (3) ثانوی مرحلہ

| جماعت | عمر (سال) | تعلیمی سند کے حامل طلبہ کے لئے شرائط | شرائط جن کے پاس تعلیمی اسناد نہ ہوں | عام شرط |
|---|---|---|---|---|
| اول | 15 – 28 | ازھری مڈل مرحلے یا اس کے مساوی سند یا مساوی تعلیمی ادارے سے جماعتوں میں منتقلی کی سند | دوسرے معیار کے تعین کے امتحان میں 40 – 49٪ نمبر حاصل کرنا | عربی زبان میں مہارت |
| دوم | 16 – 39 | | 50- 59٪ | |
| سوم | 17 – 30 | | 60٪ یا اس سے زیادہ | |

فلوچارٹ (1) ازھر کے مساوی اسناد نہ رکھنے والوں کے داخلے کے مراحل کی وضاحت کرتا ہے۔

## شکل ( 1 )

### مساوی اسناد نہ رکھنے والے طلبہ

| عربی زبان کی تعلیم نہیں | عربی زبان میں مہارت ہاں | | |
|---|---|---|---|
| اہلیت کی تعلیم | پہلے معیار کے تعین کا امتحان ناکام | < 40 ٪ | 40 – 49 ٪ اول مڈل<br>50 – 59 ٪ دوم مڈل<br>60 ٪ سوم مڈل |
| | | < 70 ٪<br>دوسرے معیار کا تعین | ناکام |
| | | 40 – 49 ٪ اول ثانوی<br>50 – 59 ٪ دوم ثانوی<br>60< ٪ سوم ثانوی | |

طالب علم کے معیار کے تعین کے امتحانات میں نمبر حاصل کرنے کے مطابق تعلیمی مراحل ۔ جن کی وضاحت ٹیبل (2) اور ٹیبل (3) میں کی گئی ہے۔ کی کسی ایک جماعت میں داخلہ دیا جاتا ہے۔ عربی زبان میں مہارت کی شرط پوری نہ ہونے کی حالت میں طالب علم خصوصی تعلیم کے انسٹی ٹیوٹ میں عربی زبان کی جماعتوں میں داخلہ لیتا ہے اس کا بنیادی مقصد عربی زبان نہ بولنے والوں کو اس کی تعلیم دینا اور طالب علم کو تعلیمی مراحل کی کسی ایک جماعت میں داخلہ لینے کی شرط پوری کرنے کا اہل بنانا ہے کہ وہ آئندہ سال معیار کے تعین کا امتحان دے۔

## خصوصی اور اہلیت کی تعلیم کا انسٹی ٹیوٹ

عربی زبان کی تعلیم کی جماعتوں میں اسلامی اور عربی علوم میں اہلیت کا نظام بھی شامل ہے اور یہ تعلیم، تعلیمی مرحلہ نہیں سمجھی جاتی اور نہ ہی تعلیمی سند دی جاتی ہے تعلیم کا آغاز ہر سال ماہ ستمبر کی پہلی تاریخ کو اور اختتام ماہ جون کے آخر میں ہوتا ہے۔ موسم گرما کی جماعتوں میں تعلیم جاری رکھی جا سکتی ہے۔ یہ تعلیم مندرجہ ذیل طلبہ کو دی جاتی ہے۔

1. عربی زبان نہ بولنے والے نئے غیر ملکی طلبہ جنہیں اس پر عبور حاصل نہیں ۔
2. تعلیمی اہلیت نہ رکھنے والے طلبہ، تاکہ انہیں معیار کے تعین کے امتحان میں کامیابی حاصل کرنے کے مطابق تعلیمی مرحلے کے مناسب جماعتوں میں داخلہ لینے کا علم اور زبان کے اعتبار سے اہل بنایا جائے۔
3. اسناد کے حامل غیر ملکی طلبہ جن کی اسناد کے ازہر شریف سے دی جانے والی اسناد کے مساوی ہونے میں بعض شرعی اور عربی مضامین کی کمی ہو۔
4. غیر ملکی باشندے جو تعلیمی سند کے حصول کے بغیر اسلامی وعربی تعلیم حاصل کرنے کے خواہشمند ہوں۔
5. تعلیم کا ضرورت مند کوئی گروہ ۔

غیر ملکی طلبہ کے انسٹی ٹیوٹ کے ثانوی مرحلے میں صرف ادبی شعبہ ہے۔ سائنسی شعبے میں داخلہ لینے کے خواہشمند طلبہ کو چاہئیے کہ وہ جس جماعت میں داخلہ لینا چاہتے ہیں اس سے پہلے کی جماعت کے لئے

مقرر سائنس کے مضامین کا اضافی امتحان پاس کریں اور نمبر 40 ٪ سے کم نہ ہوں۔

دوم : <u>قراءات کے انسٹی ٹیوٹس</u>

قراءات کے انسٹی ٹیوٹس کے مسلسل تین مراحل ہیں اور وہ ہیں:

- تجوید کا مرحلہ مدت تعلیم دو سال .
- مرحلہ عالیہ مدت تعلیم تین سال .
- مرحلہ تخصص مدت تعلیم تین سال .

1. طالب کو تجوید کے مرحلے میں اس شرط پر داخلہ دیا جاتا ہے کہ وہ قرآن کریم کا مکمل حافظ ہو۔ داخلہ دینے سے قبل قرآن کریم کے حفظ اور عربی زبان جاننے کا امتحان لیا جاتا ہے۔
2. ازہر یونیورسٹی کی قرآن کریم فیکلٹی سے تخصص کی سند حاصل کرنے والے غیر ملکی طلبہ کو بھی داخلہ دیا جاتا ہے۔

سوم : <u>یونیورسٹی کا مرحلہ</u>

معہد البعوث الاسلامیہ (غیر ملکی طلبہ کے لئے اسلامی انسٹی ٹیوٹس) یا ازہری انسٹی ٹیوٹس سے ادبی اور علمی شعبوں سے ازہری ثانوی سند یا ان میں سے کسی ایک کے مساوی سند حاصل کرنے والے غیر ملکی طلبہ کو ان کی خواہش اور حاصل کردہ مجموعی نمبروں یا مساوی سند ہونے کی حالت میں تناسبی مجموعہ کے مطابق یونیورسٹی کی کسی بھی فیکلٹی میں داخلہ دیا جاتا ہے۔ بشرطیکہ وہ عربی زبان اچھی طرح جانتے ہوں۔

مصری ثانویہ عامہ سند کے مساوی ثانوی تعلیم کی تکمیل کی سند حاصل کرنے والے غیر ملکی طلبہ، ازہر یونیورسٹی کی جانب سے مقرر کردہ اسلامی اور عربی علوم کے تمہیدی مضامین پاس کرنے کے بعد یونیورسٹی کی عملی اور انسانی فیکلیٹز میں داخلہ لے سکتے ہیں۔

اول : <u>اسلامی وعربی علوم فیکلٹیز (طلبا)</u>

## اصول الدین فیکلٹی

**اسناد: کسی ایک تخصصی شعبے میں عالیہ (لیسانس/ گریجویشن) کی ڈگری دی جاتی ہے۔**

- **تفسیر**
- **حدیث**
- **عقیدہ وفلسفہ**
- **تعلیمی مدت: چار سال**
- **ذریعہ تعلیم: عربی زبان**

## داخلے کے شرائط

**- ازهری ثانوی سند یا اس کے مساوی سند کا حصول۔**
**- عربی زبان میں مہارت کے امتحان میں کامیابی۔**
**- ازهر یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کرنے کے لئے سفارتخانے سے منظوری کا خط پیش کرنا۔**

## شریعہ اور قانون فیکلٹی

**اسناد: کسی ایک تخصصی شعبے میں عالیہ ( لیسانس/ گریجویشن) کی ڈگری دی جاتی ہے۔**

- **اسلامی شریعت**
- **شریعت اور قانون**
- **تعلیمی مدت:**

**۔ شعبہ اسلامی شریعت میں 4 سال۔**
**۔ شعبہ شریعت اور قانون میں 5 سال۔**

- **ذریعہ تعلیم: عربی زبان**

## داخلے کے شرائط

**۔ ازهری ثانوی سند یا اس کے مساوی سند کا حصول۔**

. عربی زبان میں مہارت کے امتحان میں کامیابی۔
. ازہر یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کرنے کے لئے سفارتخانے سے منظوری کا خط پیش کرنا۔

## عربی زبان فیکلٹی

اسناد: کسی ایک تخصصی شعبے میں عالیہ (لیسانس/ گریجویشن) کی ڈگری دی جاتی ہے۔

- عمومی شعبہ
- تاریخ وتہذیب
- تعلیمی مدت: چار سال
- ذریعہ تعلیم: عربی زبان

داخلے کے شرائط

- ازہری ثانوی سند یا اس کے مساوی سند کا حصول۔
- عربی زبان میں مہارت کے امتحان میں کامیابی۔
- ازہر یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کرنے کے لئے سفارتخانے سے منظوری کا خط پیش کرنا۔

## دعوت اسلامی فیکلٹی (تبلیغ اسلامی)

اسناد: دعوت اسلامی میں عالیہ (لیسانس/ گریجویشن) کی ڈگری دی جاتی ہے۔

- تعلیمی مدت: چار سال
- ذریعہ تعلیم: عربی زبان

داخلے کے شرائط

- ازہری ثانوی سند یا اس کے مساوی سند کا حصول۔
- عربی زبان میں مہارت کے امتحان میں کامیابی۔
- ازہر یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کرنے کے لئے سفارتخانے سے منظوری کا خط پیش کرنا۔

## <u>علوم اسلامی وعربی فیکلٹی</u>

اسناد: اسلامی اور عربی علوم میں عالیہ (لیسانس/ گریجویشن) کی ڈگری دی جاتی ہے۔

- تعلیمی مدت: چار سال
- ذریعہ تعلیم: عربی زبان

### <u>داخلے کے شرائط</u>

- ازھری ثانوی سند یا اس کے مساوی سند کا حصول۔
- عربی زبان میں مہارت کے امتحان میں کامیابی۔
- ازھر یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کرنے کے لئے سفارتخانے سے منظوری کا خط پیش کرنا ۔

## <u>اسلامی علوم فیکلٹی برائے غیر ملکی طلبا/ طالبات</u>

یہ تعلیم، فاصلاتی نظام تعلیم سے بھی حاصل کی جا سکتی ہے، دیکھئے ص21۔

اسناد: اسلامی علوم میں عالیہ (لیسانس/ گریجویشن) کی ڈگری دی جاتی ہے۔

- تعلیمی مدت: چار سال
- ذریعہ تعلیم: عربی زبان

### <u>داخلے کے شرائط</u>

- ازھری ثانوی سند یا اس کے مساوی یا مصری ثانویہ عامہ سند یا اس کے مساوی سند کا حصول۔
- عربی زبان میں مہارت کے امتحان میں کامیابی۔
- مقررہ فیس کی ادائیگی۔

ملاحظہ: اس فیکلٹی میں طالب علم اسلامی اور عربی علوم کے علاوہ دیگر مقرر کردہ معاشرتی علوم اور اسلامی اقتصادیات کی تعلیم کے ساتھ ساتھ کمپیوٹر کی مہارتیں بھی حاصل کرتا ہے تاکہ گریجویشن کرنے والوں کے لئے

کام کے مواقع کا دائرہ وسیع ہو۔ طالب علم (جو ازھر کے تعلیمی وظیفے پر نہ ہو) ایک ہزار امریکی ڈالر سالانہ بطور تعلیمی فیس ادا کرتا ہے۔

## عام ملاحظات

1. ان یونیورسٹی کی تمام کلیات اور اسلامی وعربی علوم کے شعبوں عربی زبان کے شعبوں، علم تعلیم (ایجوکیشن) فیکلٹی کے اسلامی علوم کے شعبے غیر ملکی زبانوں میں اسلامی علوم کے شعبوں میں مصری طلبہ کی مانند غیر ملکی طلبہ کے لئے تعلیم مفت ہے۔ طالب علم، یونیورسٹی سے شناختی کارڈ وبیانات وغیرہ حصول جیسی خدمتات کے لئے بہت ہی معمولی فیس ادا کرتا ہے جو مجموعی طور پر ایک سو مصری پونڈ سالانہ سے زیادہ نہیں ہوتی۔ اور اس عمومیت کا اطلاق فیکلٹی اسلامی علوم برائے طالبات کے شعبہ صحافت واطلاعیات پر نہیں ہوتا اور غیر ملکی طالب علم (جو ازھر کے وظیفے پر نہیں ہو) دیگر نظری کلیات کے طلبہ کی مانند ایک ہزار اسٹرلنگ پاونڈ رجسٹریشن فیس (ایک مرتبہ) کے علاوہ ایک ہزار اسٹرلنگ پاونڈ سالانہ تعلیمی فیس ادا کرتا ہے۔
2. فیکلٹی اسلامی علوم برائے غیر ملکی طلبہ میں اپنے ذاتی حساب پر تعلیم حاصل کرنے والا (جو ازھر شریف کے وظیفے پر نہ ہو) ایک ہزار امریکی ڈالر سالانہ تعلیمی فیس ادا کرتا ہے۔
3. غیر ملکی طالب یا طالبہ جس نے مصری ثانویہ عامہ کے مساوی سند حاصل کی ہو اور وہ کلیات اسلامی علوم میں داخلہ لینا چاہتا ہو وہ معھد البعوث کی کسی ایک جماعت میں داخلہ لینے کی تیاری کے طور پر معیار کے تعین کا امتحان دے جو انسٹی ٹیوٹ سیکڑ کراتا ہے۔ تاکہ وہ ازھری ثانوی سند (برائے غیر ملکی طلبہ) حاصل کرے اس کے بعد اسلامی علوم کی کسی ایک فیکلٹی میں داخلہ لے۔

## دوم : اسلامی علوم فیکلٹیز (برائے طالبات)

### اسلامی وعربی علوم فیکلٹی (طالبات)

اسناد: درج ذیل کسی ایک تخصصی شعبے میں عالیہ (لیسانس/ گریجویشن) کی ڈگری دی جاتی ہے۔

- عقیدہ وفلسفہ
- حدیث
- تفسیر
- عربی زبان
- اسلامی شریعت
- شریعت اور قانون
- شعبہ صحافت اور اطلاعیات (تعلیمی فیس سے)
- تعلیمی مدت : تمام شعبوں میں 4 سال، شریعت اور قانون کے شعبے میں 5 سال
- ذریعہ تعلیم: عربی زبان

### داخلے کے شرائط

- ازھری ثانوی سند یا اس کے مساوی سند کا حصول۔
- عربی زبان میں مہارت کے امتحان میں کامیابی۔
- ازھر یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کرنے کے لئے سفارتخانے سے منظوری کا خط پیش کرنا۔

اہم ملاحظہ: اس فیکلٹی کے جملہ شعبوں میں تمام طالب علموں کے لئے تعلیم مفت ہے سوائے شعبہ صحافت اور اطلاعیات کے۔ اس شعبے کے طلبہ ایک ہزار اسٹرلنگ پاونڈ رجسٹریٹس فیس (ایک مرتبہ) کے علاوہ ایک ہزار اسٹرلنگ پاونڈ سالانہ تعلیمی فیس ادا کرتے ہیں۔

### اسلامی علوم فیکلٹی برائے غیر ملکی طلبا/ طالبات

**یہ تعلیم، فاصلاتی نظام تعلیم سے بھی حاصل کی جا سکتی ہے دیکھئے ص21۔**
**اسناد: اسلامی علوم میں عالیہ (لیسانس/ گریجویشن) کی ڈگری دی جاتی ہے۔**

- **تعلیمی مدت: 4 سال**
- **ذریعہ تعلیم: عربی زبان**

**<u>داخلے کے شرائط</u>**

- **ازھری ثانوی سند یا اس کے مساوی یا مصری ثانویہ عامہ سند یا اس کے مساوی سند کا حصول۔**
- **عربی زبان میں مہارت کے امتحان میں کامیابی۔**
- **مقررہ فیس کی ادائیگی .**
- **ازھر یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کرنے کے لئے سفارتخانے سے منظوری کا خط پیش کرنا۔**

**اس فیکلٹی میں طالب علم اسلامی اور عربی علوم کے علاوہ دیگر مقرر کردہ معاشرتی علوم اور اسلامی اقتصاد کی تعلیم کے ساتھ ساتھ کمپیوٹر کی مہارتیں بھی حاصل کرتا ہے تاکہ گریجویشن کرنے والوں کے لئے کام کے مواقع کا دائرہ وسیع ہو۔ طالب علم (جو ازھر کے تعلیمی وظیفے پر نہ ہو) ایک ہزار امریکی ڈالر سالانہ بطور تعلیمی فیس ادا کرتا ہے۔**

## سوم: <u>نظری اور انسانی فیکلٹیز</u>

**ازھری ثانوی سند یا اس کے مساوی سند یا مصری ثانویہ عامہ سند یا اس کے مساوی سند کے حامل طلبہ کو نظری اور انسانی کلیات میں داخلہ دیا جا سکتا ہے۔ اس حالت میں طالب علم اہلیت کے سال میں یونیورسٹی کی جانب سے مقرر کردہ اسلامی وعربی مضامین پڑھتا ہے۔ کسی بھی طالب علم کو ان مضامین میں پاس ہونے سے پہلے فیکلٹی میں رجسٹر نہیں کیا جاتا۔ ان تمام فیکلیٹز میں تعلیم فیس کی ادائیگی سے ہے سوائے کلیات لغات وترجمہ اور**

علم تعلیم کے اسلامی اور عربی علوم کے شعبوں کے۔ ان شعبوں میں تعلیم مفت ہے۔

## زبان وترجمہ فیکلٹیز برائے (طلبا )

اسناد: کسی ایک تخصصی شعبے میں عالیہ (لیسانس/ گریجویشن) کی ڈگری دی جاتی ہے۔

- انگریزی زبان وادب۔ فرانسیسی زبان وادب۔ جرمن زبان وادب
- اسپینی زبان وادب۔ اطالوی زبان وادب۔ یونانی زبان وادب
- اردو زبان وادب۔ فارسی زبان وادب۔ چینی زبان وادب
- عبرانی زبان وادب۔ ترکی زبان وادب۔ افریقی زبان وادب
- انگریزی/ عربی فوری ترجمہ۔ فرانسیسی/ عربی فوری ترجمہ
- مطالعہ اسلامی (انگریزی یا فرانسیسی یا جرمن یا افریقی یا چینی)
- زبانوں میں: غیر ملکی زبانوں میں اسلامی تعلیم کے شعبے کے علاوہ مذکورہ بالا تمام شعبوں میں غیر ملکی طلبہ کے لئے تعلیم ایک ہزار اسٹرلنگ پاونڈ رجسٹریشن فیس (ایک مرتبہ) ۔
- تعلیمی مدت: 4 سال
- ذریعہ تعلیم: عربی زبان

## داخلے کے شرائط

- ازھری ثانوی سند یا اس کے مساوی یا مصری ثانویہ عامہ سند یا اس کے مساوی سند کا حصول۔
- عربی زبان میں مہارت کے امتحان میں کامیابی۔
- مصری ثانویہ عامہ یا اس کے مساوی سند کے حامل طلبہ کے لئے اہلیت کے سال کے لئے مقرر کردہ مضامین میں کامیاب ہونا۔
- ازھر یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کرنے کے لئے سفارتخانے سے منظوری کا خط پیش کرنا۔
- رجسٹریشن اور تعلیمی فیس کی ادائیگی۔

## کامرس فیکلٹی ( Faculty of Commerce ) (طلبا و طالبات)

**اسناد: تجارت درج ذیل تخصصات میں عالیہ (بیچلر/ گریجویشن) کی ڈگری دی جاتی ہے :**

- اکاؤنٹنگ
- معاشیات
- ایڈمنسٹریشن
- انشورنس

**تعلیمی مدت: 4 سال**
**ذریعہ تعلیم: عربی زبان**

**داخلے کی شرائط**

- ازھری ثانوی یا اس کی مساوی سند یا مصری ثانویہ عامہ یا اس کی مساوی سند کا حصول .
- عربی زبان میں مہارت کے امتحان میں کامیاب ہونا.
- مصری ثانویہ عامہ یا اس کے مساوی سند کے حامل طلبہ کے لئے اہلیت کے سال کے لئے مقرر کردہ مضامین میں کامیاب ہونا.
- ازھریونیورسٹی میں تعلیم حاصل کرنے کے لئے سفارتخانے سے منظوری کا خط پیش کرنا.
- رجسٹریشن اور تعلیمی فیس کی ادائیگی.

## فیکلٹی علم تعلیم

**اسناد: کسی ایک تخصصی شعبے میں عالیہ (لیسانس/ گریجویشن) کی ڈگری دی جاتی ہے.**

- عربی زبان.

- اسلامی علوم
- انگریزی زبان
- فرانسیسی زبان
- معاشرتی خدمت
- فنی تعلیم (یہ تمام شعبے فیس سے ہیں سوائے عربی زبان اور اسلامی علوم یہ دونوں شعبے مفت ہیں) .

- تعلیمی مدت: 4 سال
- ذریعہ تعلیم : عربی زبان کے ساتھ غیر ملکی تخصصی زبان

**داخلے کی شرائط**

- ازھری ثانوی یا اس کے مساوی سند یا مصری ثانویہ عامہ یا اس کی مساوی سند کا حصول.
- عربی زبان میں مہارت کے امتحان میں کامیابی.
- مصری ثانویہ عامہ یا اس کے مساوی سند کے حامل طلبہ کے لئے اہلیت کے سال کے لئے مقرر کردہ مضامین میں کامیاب ہونا.
- ازھر یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کرنے کے لئے سفارتخانے سے منظوری کا خط پیش کرنا.
- رجسٹریشن اور تعلیمی فیس کی ادائیگی.

## فیکلٹی انسانی علوم (طالبات)

اسناد: کسی ایک تخصصی شعبے میں عالیہ (لیسانس/ گریجویشن) کی ڈگری دی جاتی ہے.

- انگریزی زبان وادب. فرانسیسی زبان وادب. جرمن زبان وادب
- اسپینی زبان وادب. اردو زبان وادب. فارسی زبان وادب
- چینی زبان وادب. عبرانی زبان وادب. ترکی زبان وادب. انگریزی/ عربی فوری ترجمہ. فرانسیسی/ عربی فوری ترجمہ. معاشرتی علوم. علم نفسیات
- تاریخ

- جغرافیہ
- دستاویز اور لائبریریز
- طفولت۔ علم تعلیم (Education) اسلامی او عربی علوم میں .

ان تمام شعبوں میں تعلیم غیر ملکی طلبہ کے لئے فیس کی ادائیگی سے ہے سوائے شعبہ اسلامی اور عربی علوم میں . علم تعلیم کے اس شعبے میں تعلیم مفت ہے۔

تعلیمی مدت: 4 سال
ذریعہ تعلیم: عربی زبان اور تخصصی غیر ملکی زبان

داخلے کی شرائط

- ازہری ثانوی یا اس کے مساوی سند یا مصری ثانویہ عامہ یا اس کے مساوی سند کا حصول .
- عربی زبان میں مہارت کے امتحان میں کامیابی۔
- مصری ثانویہ عامہ یا اس کے مساوی سند کے حامل طلبہ کا اہلیت کے سال کے لئے مقررکردہ مضامین میں کامیاب ہونا اور ازہری ثانوی سند کے حامل طلبہ کے لئے تمہیدی سال میں کامیاب ہونا۔
- ازہر یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کرنے کے لئے سفارتخانے سے منظوری کا خط پیش کرنا۔
- رجسٹریشن اور تعلیمی فیس کی ادائیگی۔

## 4 - عملی کلیات ( فیکیلٹیز )

ازہری ثانوی (سائنس) یا اس کے مساوی سند یا مصری ثانویہ عامہ (سائنس) یا اس کے مساوی سند کے حامل غیر ملکی طلبہ کو عملی کلیات میں دخلہ دیا جا سکتا ہے – ان تمام کلیات میں 1500 (ایک ہزار پانچ سو) اسٹرلنگ پاؤنڈ رجسٹریشن فیس(ایک مرتبہ) اور 1500(ایک ہزار پانچ سو)

اسٹرلنگ پاؤنڈ سالانہ تعلیمی فیس کی ادائیگی سے ہے۔ ازہر کے وظیفے پر تعلیم حاصل کرنے والے غیر ملکی طلبہ کے لئے یہ فیس معاف ہے۔

## میڈیکل فیکلٹی (طلبا) و (طالبات)

اسناد: میڈیسن اور سرجری (طب وجراحت) میں عالیہ (بیچلر/ گریجویشن) کی ڈگری دی جاتی ہے۔
تعلیمی مدت: 6 سال اس کے علاوہ کسی بھی یونیورسٹی اسپتال میں ایک سال بطور تربیت کام کرنا۔
ذریعہ تعلیم: انگریزی/ عربی زبان

داخلے کی شرائط

- ازہری ثانوی (سائنس) یا اس کی مساوی سند یا مصری ثانویہ عامہ (سائنس) یا اس کی مساوی سند کا حصول۔
- مصری ثانویہ عامہ (سائنس) یا اس کے مساوی سند کے حامل طلبہ کا اہلیت کے سال کے لئے مقررکردہ مضامین میں کامیاب ہونا ۔
- عربی زبان میں مہارت کے امتحان میں کامیاب ہونا۔
- ازہر یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کرنے کے لئے سفارتخانے سے منظوری کا خط پیش کرنا۔
- رجسٹریشن اور تعلیمی فیس کی ادائیگی۔

## فیکلٹی طب اسنان / ڈینٹیسٹری فیکلٹی ( Dentistry Faculty ) (طلبا و طالبات)

اسناد: منہ اور دانتوں کی میڈیسن اور سرجری (طب وجراحت) میں عالیہ (بیچلر/ گریجویشن) کی ڈگری دی جاتی ہے۔
تعلیمی مدت: 5 سال

**ذریعہ تعلیم: انگریزی/ عربی زبان**

**<u>داخلے کی شرائط</u>**

- **ازہری ثانوی (سائنس) یا اس کی مساوی سند یا مصری ثانویہ عامہ (سائنس) یا اس کی مساوی سند کا حصول۔**
- **مصری ثانویہ عامہ (سائنس) یا اس کی مساوی سندکے حامل طلبہ کا اہلیت کے سال کے لئے مقررکردہ مضامین میں کامیاب ہونا ۔**
- **عربی زبان میں مہارت کے امتحان میں کامیاب ہونا۔**
- **ازہریونیورسٹی میں تعلیم حاصل کرنے کے لئے سفارتخانے سے منظوری کا خط پیش کرنا۔**
- **رجسٹریشن اور تعلیمی فیس کی ادائیگی۔**

## <u>فارماکولوجی فیکلٹی (طلبا) و (طالبات)</u>

**اسناد: فارماکولوجی میں عالیہ (بیچلر/ گریجویشن) کی ڈگری دی جاتی ہے۔**
**تعلیمی مدت: 5 سال**
**ذریعہ تعلیم: انگریزی/ عربی زبان**

**<u>داخلے کی شرائط</u>**

- **ازہری ثانوی (سائنس) یا اس کی مساوی سند یا مصری ثانویہ عامہ (سائنس) یا اس کی مساوی سند کا حصول۔**
- **مصری ثانویہ عامہ (سائنس) یا اس کی مساوی سند کے حامل طلبہ کا اہلیت کے سال کے لئے مقررکردہ مضامین میں کامیاب ہونا .**
- **عربی زبان میں مہارت کے امتحان میں کامیاب ہونا۔**
- **ازہر یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کرنے کے لئے سفارتخانے سے منظوری کا خط پیش کرنا۔**
- **رجسٹریشن اور تعلیمی فیس کی ادائیگی۔**

## انجینیرنگ فیکلٹی (طلبا)

**اسناد: درج ذیل کسی ایک تخصصی شعبے سے انجینیرنگ (بیچلر/ گریجویشن) کی ڈگری دی جاتی ہے۔**
**الیکٹریکل انجینیرنگ ۔ میکینیکل انجینیرنگ ۔ سسٹمز اور کمپیوٹرز۔ آرکیٹیکچر۔ سیٹی پلاننگ۔ سول انجینیرنگ**
**تعلیمی مدت: 5 سال**
**ذریعہ تعلیم: انگریزی/ عربی زبان**

**داخلے کی شرائط**

- **ازھری ثانوی (سائنس) یا اس کی مساوی سند یا مصری ثانویہ عامہ (سائنس) یا اس کی مساوی سند کا حصول۔**
- **مصری ثانویہ عامہ (سائنس) یا اس کی مساوی سند کے حامل طلبہ کا اہلیت کے سال کے لئے مقررکردہ مضامین میں کامیاب ہونا ۔**
- **عربی زبان میں مہارت کے امتحان میں کامیاب ہونا۔**
- **ازھر یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کرنے کے لئے سفارتخانے سے منظوری کا خط پیش کرنا۔**
- **رجسٹریشن اور تعلیمی فیس کی ادائیگی۔**

## انجینیرنگ فیکلٹی (طالبات)

**اسناد: درج ذیل کسی ایک تخصصی شعبے سے انجینیرنگ (بیچلر/ گریجویشن) کی ڈگری دی جاتی ہے۔**
**الیکٹریکل انجینیرنگ ۔ آرکیٹیکچر۔ سسٹمز اور کمپیوٹرز ۔**
**تعلیمی مدت: 5 سال**
**ذریعہ تعلیم: انگریزی/ عربی زبان**

**داخلے کی شرائط**

- ازھری ثانوی (سائنس) یا اس کی مساوی سند یا مصری ثانویہ عامہ (سائنس) یا اس کی مساوی سند کا حصول۔
- مصری ثانویہ عامہ (سائنس) یا اس کی مساوی سند کے حامل طلبہ کا اہلیت کے سال کے لئے مقررکردہ مضامین میں کامیاب ہونا ۔
- عربی زبان میں مہارت کے امتحان میں کامیاب ہونا۔
- ازہر یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کرنے کے لئے سفارتخانے سے منظوری کا خط پیش کرنا۔
- رجسٹریشن اور تعلیمی فیس کی ادائیگی۔

## سائنس فیکلٹی (طلبا ) (Faculty of Science )

**اسناد:** درج ذیل کسی ایک تخصصی شعبے میں عالیہ ڈگری دی جاتی ہے۔
ریاضی ۔ کیمسٹری۔ فزکس ۔ بایو فزکس۔ باٹنی۔ زولوجی۔ مائیکروبایولوجی ۔ علم حشرات Entomology ۔ میتھیمیٹکس Mathematics ۔ جیولوجی۔ کمپیوٹر سائنس۔ علم فلکیات و موسمیات Meteorology ۔
**تعلیمی مدت:** 4 سال
**ذریعہ تعلیم:** انگریزی/ عربی زبان

**داخلے کی شرائط**

- ازھری ثانوی (سائنس) یا اس کی مساوی سند یا مصری ثانویہ عامہ (سائنس) یا اس کی مساوی سند کا حصول ۔
- مصری ثانویہ عامہ (سائنس) یا اس کی مساوی سند کے حامل طلبہ کا اہلیت کے سال کے لئے مقررکردہ مضامین میں کامیاب ہونا ۔
- عربی زبان میں مہارت کے امتحان میں کامیاب ہونا ۔

- ازھر یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کرنے کے لئے سفارتخانے سے منظوری کا خط پیش کرنا ۔
- رجسٹریشن اور تعلیمی فیس کی ادائیگی۔

## سائنس فیکلٹی (طالبات) (Faculty of Science )

**اسناد:** درج ذیل کسی ایک تخصصی شعبے میں عالیہ(بیچلر/ گریجویشن) کی ڈگری دی جاتی ہے۔
ریاضی۔ کمپیوٹر سائنس ۔ فزکس ۔ کیمسٹری۔ باٹنی ۔ مائیکروبایولوجی ۔ علم حشرات Entomology ۔ زولوجی ۔
**تعلیمی مدت:** 4 سال
**ذریعہ تعلیم:** انگریزی/ عربی زبان

**داخلے کی شرائط**
- ازھری ثانوی (سائنس) یا اس کی مساوی سند یا مصری ثانویہ عامہ (سائنس) یا اس کی مساوی سند کا حصول۔
- مصری ثانویہ عامہ (سائنس) یا اس کی مساوی سند کے حامل طلبہ کا اہلیت کے سال کے لئے مقررکردہ مضامین میں کامیاب ہونا ۔
- عربی زبان میں مہارت کے امتحان میں کامیاب ہونا۔
- ازھر یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کرنے کے لئے سفارتخانے سے منظوری کا خط پیش کرنا۔
- رجسٹریشن اور تعلیمی فیس کی ادائیگی۔

## زراعت کی فیکلٹی (طلبا) ( Faculty of Agriculture)

**اسناد:** درج ذیل کسی ایک تخصصی شعبے سے زراعت میں عالیہ(بیچلر/ گریجویشن) کی ڈگری دی جاتی ہے ۔

**تعلیمی مدت: 4 سال**
**ذریعہ تعلیم: عربی زبان**

**داخلے کی شرائط**

- **ازھری ثانوی (سائنس) یا اس کی مساوی سند یا مصری ثانویہ عامہ (سائنس) یا اس کی مساوی سند کا حصول ۔**
- **مصری ثانویہ عامہ (سائنس) یا اس کی مساوی سندکے حامل طلبہ کا اہلیت کے سال کے لئے مقرر کردہ مضامین میں کامیاب ہونا ۔**
- **عربی زبان میں مہارت کے امتحان میں کامیاب ہونا۔**
- **ازھر یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کرنے کے لئے سفارتخانے سے منظوری کا خط پیش کرنا۔**
- **رجسٹریشن اور تعلیمی فیس کی ادائیگی۔**

## 5- دیگر عملی کلیات اور شعبہ جات

**درج ذیل عملی کلیات اور شعبہ جات میں غیر ملکی طلبہ کو تمام فیسوں کی آدائیگی ، ایک ہزار اسٹرلنگ پاؤنڈ رجسٹریشن فیس(ایک مرتبہ) اور ایک ہزار اسٹرلنگ پاؤنڈ سالانہ تعلیمی فیس کی ادائگی کے بعد داخلہ دیا جاتا ہے۔**

## فیکلٹی علم تعلیم کے عملی شعبہ جات (طلبا)
## ( Faculty of Education Practical Departments)

**اسناد: درج ذیل کسی ایک تخصصی شعبے سے علم تعلیم میں عالیہ(بیچلر/ گریجویشن) کی ڈگری دی جاتی ہے۔**
**کیمیا – طبعیات ۔ ریاضیات ۔ تاریخ طبیعی ۔ تعلیمی ٹکنولوجی**

**تعلیمی مدت: 4 سال**
**ذریعہ تعلیم: عربی زبان**

**داخلے کی شرائط**

- **ازہری ثانوی (سائنس) یا اس کی مساوی سند یا مصری ثانویہ عامہ (سائنس) یا اس کی مساوی سند کا حصول .**
- **فیکلٹی کی جانب سے لئے جانے والے شخصی امتحان میں کامیابی۔**
- **مصری ثانویہ عامہ (سائنس) یا اس کی مساوی سند کے حامل طلبہ کا اہلیت کے سال کے لئے مقرر کردہ مضامین میں کامیاب ہونا .**
- **عربی زبان میں مہارت کے امتحان میں کامیاب ہونا .**
- **ازہر یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کرنے کے لئے سفارتخانے سے منظوری کا خط پیش کرنا۔**
- **رجسٹریشن اور تعلیمی فیس کی ادائیگی۔**

## فزیکل ایجوکیشن فیکلٹی (طلبا)
## (Faculty of Physical Education)

**اسناد: فزیکل ایجوکیشن میں عالیہ(بیچلر/ گریجویشن) کی ڈگری دی جاتی ہے۔**
**تعلیمی مدت: 4 سال**
**ذریعہ تعلیم: عربی زبان**

**داخلے کی شرائط**

- **ازہری ثانوی (سائنس) یا اس کی مساوی سند یا مصری ثانویہ عامہ (سائنس) یا اس کی مساوی سند کا حصول .**
- **مصری ثانویہ عامہ (سائنس) یا اس کی مساوی سند کے حامل طلبہ کا اہلیت کے سال کے لئے مقرر کردہ مضامین میں کامیاب ہونا .**

- عربی زبان میں مہارت کے امتحان میں کامیاب ہونا ۔
- ازھر یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کرنے کے لئے سفارتخانے سے منظوری کا خط پیش کرنا ۔
- رجسٹریشن اور تعلیمی فیس کی ادائیگی ۔

## { ( General rules ) عام قواعد }

جامعہ ازھر کی اسلامی وعربی علوم کے تمام کلیات اور شعبوں میں تعلیم تمام غیر ملکی طلبہ کے لئے مفت ہے سوائے غیر ملکی طلبہ کی اسلامی علوم کی فیکلٹی کے ، علاوہ ازیں ازھر شریف کے تعلیمی وظیفے پر آنے والے غیر ملکی طلبہ کے لئے نظری کلیات اور شعبوں (انسانی Humanities) اور علمی کلیات اور شعبوں میں مقرر رجسٹریشن اور تعلیمی فیس معاف ہے ۔

ازھر شریف سے تعلیمی وظیفہ حاصل کرنے والے طلبہ 1961ء کے قانون نمبر 103 اور درج ذیل اس کے خصوصی تنفیذی ضابطے (By Law) کے مطابق ، غیر مصری طلبہ کے لئے مقرر فیس ادا کرتے ہیں۔

أ - نظری کلیات، فیکلٹی علم تعلیم اور فیکلٹی فزیکل ایجوکیشن کے علمی شعبوں میں رجسٹریشن فیس ایک ہزار اسٹرلنگ پونڈ صرف ایک مرتبہ ادا کی جاتی ہے اور اس کا اطلاق تجارت (کامرس)، انسانی علوم Humanities ، لغات وترجمہ، صحافت واطلاعیات اور علم تعلیم کے کلیات کے ادبی شعبوں پر ہوتا ہے۔ ان کے علاوہ غیر مصری طلبہ تعلیمی فیس ایک ہزار اسٹرلنگ پونڈ سالانہ ادا کرتےہیں ۔

ب - عملی کلیات میں رجسٹریشن فیس ایک ہزار پانچ سو اسٹرلنگ پونڈ صرف ایک مرتبہ ادا کی جاتی ہے۔ اس کے علاوہ تعلیمی فیس ایک ہزار اسٹرلنگ پونڈ سالانہ ادا کی جاتی ہے۔

## عربی زبان میں مہارت

کسی بھی ازھری سند کے حصول کی تعلیم کے لئے داخلہ لینے کی ایک بنیادی شرط یہ ہے کہ طالب علم (پڑھنے، لکھنے، بولنے اور سننے) چاروں اعتبار سے عربی زبان اچھی طرح جانتا ہو اور اس کا اطلاق تمام تعلیمی مراحل پر ہوتا ہے۔

1. عربی زبان نہ بولنے والے طلبہ جن کے پاس ازھری ثانوی سند کے مساوی سند بھی نہیں ہے اور وہ یونیورسٹی سے قبل کے تعلیمی مرحلے میں داخلہ لینا چاہتے ہیں۔ ازھر شریف ، خصوصی اور اہلیت کی تعلیم کے انسٹی ٹیوٹ میں، اِن طلبہ کے لئے عربی زبان میں اہلیت کی تعلیم کا انتظام کرتا ہے جس میں کامیابی کے بعد وہ مڈل یا ثانوی مرحلے کی کسی جماعت میں داخلہ لے سکتے ہیں ۔
2. عربی زبان نہ بولنے والے وہ طلبہ جن کے پاس ازھری ثانوی سند کے مساوی سند یا مصری ثانویہ عامہ کے مساوی سند ہو اور وہ یونیورسٹی کی کسی فیکلٹی میں داخلے کے خواہشمند ہوں تو ان کے لئے عربی زبان کا امتحان پاس کرنا ضروری ہوتا ہے۔ اس میں کامیاب نہ ہونے والے طلبہ عربی زبان کے مرکز میں عربی زبان کی تعلیم حاصل کرتے ہیں اور وہ طلبہ جن کے پاس ازھر شریف کا تعلیمی وظیفہ نہ ہو تو وہ مرکز کی تعلیمی فیس ادا کرتے ہیں جب کہ ازھری تعلیمی وظیفے کے حامل طلبہ کے لئے مرکز کے تعلیمی اخراجات ازھر شریف برداشت کرتا ہے ۔

## تعلیمی وظیفے کے حامل طلبہ کے لئے مراعات

1. قاہرہ و اسکندریہ میں مدنیۃ البعوث الاسلامیہ (غیر ملکی مسلم طلبا کی اقامت گاہیں) میں مکمل قیام (مع طعام ) ۔
2. ہر ماہ نقد وظیفہ دیا جاتا ہے ۔
3. تمام مراحل کی تعلیمی فیس معاف ۔

4. امتحان میں ناکام ہونے کی صورت میں وظیفے کی مالیت میں کمی کر دی جاتی ہے اور کسی بھی وجہ سے نام خارج ہونے کی صورت میں نقد وظیفہ نہیں دیا جاتا ہے۔

## اعلی تعلیم کا مرحلہ

غیر ملکی طلبہ کو کسی ایک فیکلٹی میں اعلی تعلیم کے مرحلے میں اس شرط پر داخلہ دیا جاتا ہے کہ اس نے اسی فیکلٹی اور اسی شعبے میں عالیہ (بیچلر/ لیسانس) کی ڈگری حاصل کی ہو یا اس نے ازھر کے علاوہ کسی اور یونیورسٹی سے، ازھر یونیورسٹی کی ہم مثل فیکلٹیز کی جانب سے دی جانے والی ڈگری کے مساوی ڈگری حاصل کی ہو اور یہ کہ اس نے گریجویشن کے اپنے اختصاصی مضمون (Major Subject) میں کم از کم "B" گریڈ حاصل کیا ہو۔ علاوہ ازیں اسلامی اور عربی علوم کی فیکلٹیز اعلی تعلیم میں داخلے کا امتحان پاس کرنے کی شرط بھی لگاتی ہیں ۔

ازھر یونیورسٹی تمام تخصصات (Specializations) میں اعلی تعلیم کی مندرجہ ذیل اسناد عطا کرتی ہے۔

1. بعض شعبوں اور بعض فیکلٹیز کی جانب سے پوسٹ گریجویٹ ڈپلومہ۔
2. فیکلٹیز کے متعدد شعبوں میں درجہ ماسٹر Master Degree (اختصاص)
3. درجہ الدکتوراہ فیکلٹیز کے کسی ایک شعبے میں Degree of Doctorate (العالمیہ) دی جاتی ہے ۔

## اعلی تعلیم کا نظام

درجہ تخصص Master Degree کے حصول کا نظام بعض فیکلٹیز میں ایک سال اور بعض فیکلٹیز میں دو سال تمہیدی تعلیم کے حصول کے بعد تحقیقی مقالہ Thesis پیش کرنے پر مشتمل ہے۔

## ازھر شریف میں داخلے کے لئے مطلوبہ اوراق اور دستاویزات

1. اصل تعلیمی اسناد جو طالب علم کے ملک میں عرب جمہوریہ مصر کے سفارت خانے یا مصری مفاد کے نگراں دفاتر سے تصدیق شدہ ہو اور مصری وزارت خارجہ سے اس کی توثیق کرائی گئی ہو۔ یہ ازھر کی مساوی اسناد کے لئے ہے۔
2. پیدائش کا سرٹیفیکیٹ یا اس سے متعلق سرکاری دستاویز جو تعلیمی اسناد مطابق تصدیق شدہ ہو اگر یہ نہ ہو تو طالب علم کے پاسپورٹ یا اسی نوعیت کی کسی دستاویز میں درج شدہ بیانات کو کافی سمجھا جائے گا ۔
3. طالب علم کے پاسپورٹ کی کاپی۔
4. قاہرہ میں طالب علم کے ملک کے سفارت خانے سے ازھر میں حصول تعلیم کی تحریری منظوری۔
5. ازھر کے تعلیمی وظیفہ لینے کی نامزدگی کا خط یہ تعلیمی وظیفے کے طلبہ کے لئے ہے۔
6. ازھر یونیورسٹی کے اسپتال سے کوئی بھی متعدی مرض نہ ہونے کا سرٹیفیکیٹ یہ مصر آنے کے بعد ایک مرتبہ اس کے بعد کسی بھی ملک سے مصر واپس آنے پر ہر مرتبہ پیش کیا جاتا ہے ۔
7. ذاتی اخراجات پر تعلیم حاصل کرنے والے طلبہ اپنی مالی حالت کا ثبوت پیش کریں کہ مصر میں قیام کے اخراجات اور تعلیمی فیسوں کی ادائیگی کی قدرت رکھتے ہیں اور وہ اپنے ملک کے سرکاری ادارے کے سامنے اقرار نامے پر دستخط کرے ۔ جو اس کی تصدیق اور مصری سفارت خانہ یا مصر میں طالب علم کے ملک کا سفارت خانہ اس کی توثیق کرے جس میں وہ یونیورسٹی کی فیکلیٹز کی فیسوں یا عربی زبان کی مہارت کے امتحان میں ناکام ہونے کی صورت میں عربی زبان نہ بولنے والوں کی عربی زبان کی تعلیم کی فیسوں کی ادائیگی کا عہد کرے ۔

**<u>غیر ملکی اسناد کی معادلت (مساویت) کے لئے</u>**


## مطلوبہ اوراق اور دستاویزات


صاحب سند یا سند دینے والا ادارہ یا سند جاری کرنے والے ملک کا سفارت خانہ یا صاحب مصلحت مندرجہ ذیل اوراق کے ساتھ ازھر شریف کو معادلت (Equalization) کی درخواست دے سکتا ہے :

1. غیر ملکی معترف (Recognized) اصل سند .
2. تعلیمی مرحلے کے ہر سال یا جماعت کے لئے مقرر تعلیمی نصاب (Syllabus) ہر مضمون کے نام یا مجموعی طور پر کتنے پیریڈ ہوتے ہیں.
3. تعلیمی نصاب کی تفصیل یا اس کے بنیادی موضوعات .

مذکورہ بالا تمام اوراق اور دستاویزات سند جاری کرنے والے ادارے کے ملک میں مصری سفارتخانے سے تصدیق اور توثیق شدہ ہونے چاہئیں.

## ازھر شریف میں یونیورسٹی تعلیم میں داخلے کا فلوچارٹ




ثانویہ عامہ سند یا اس کی مساوی سند کے حامل غیر ملکی طلبہ جو صرف نظری یا عملی کلیات میں دخلے کے خواہشمند ہوں
امتحان زبان عربی
کامیاب
ناکام
اہلیت کے لئے ایک سال کی شرعی علوم کی تعلیم
تعلیم زبان عربی
کلیات نظری اور انسانی علوم عملی کلیات (سائنس سکینڈری)

# فاصلاتی تعلیم کا پروگرام

ازھر یونیورسٹی کے فارغ التحصیل (گریجویٹس) کی عالمی لیگ کے تعاون سے ازھر یونیورسٹی غیرملکی طلبہ کے لئے اسلامی علوم کی فیکلٹی کا فاصلاتی تعلیم کا پروگرام پیش کرتی ہے تاکہ انہیں فاصلاتی طریقہ تعلیم کے ذریعہ عربی زبان میں تعلیم دے کر اسلامی علوم میں "عالیہ" (لیسانس/ بیچلر) کی ڈگری دی جائے۔ طلبہ کو علمی مضامین انٹرنٹ کے ذریعہ پڑھائے جاتے ہیں اور اس کا مقصد دنیا میں ہر جگہ مسلمانوں بالخصوص وہ اشخاص جو اپنے حالات کی بنا پر مصر آ کر باقاعدہ تعلیم حاصل نہیں کر سکتے کو علوم اسلامیہ کے تخصص میں ازھری تعلیم کا موقع دینا اور ان کے لئے فراہم کرنا نیز اعتدال پسند اسلامی اقدار اور شرعی علوم کو ازھر شریف کے اسلوب اور نصاب تعلیم جو اپنے اعتدال پسندی کے باعث معروف ہے کے مطابق نشر کرنے کے لئے زمان ومکان کی رکاوٹوں کو دور کرنا ہے۔

## اول: پروگرام کی خصوصیات

ازھر یونیورسٹی کی علوم اسلامیہ کی فیکلٹی کا فاصلاتی تعلیم کا پروگرام درجہ ذیل خصوصیات کی بنا پر دیگر پرگراموں سے نمایاں ہے :

1. ازھر یونیورسٹی اپنی قدیم تاریخ اور عالمی سطح پر مصداقیت کے باعث علوم اسلامیہ میں نمایاں مقام رکھتی ہے اور دنیا کی ایک قدیم ترین یونیورسٹی کے طور پر مشہور ہے۔
2. طالب علم کو ازھر یونیورسٹی کی جانب سے علوم اسلامیہ میں عالیہ لیسانس کی ڈگری دی جاتی ہے۔
3. نصاب تعلیم ازھر یونیورسٹی کے نمایاں علماء کرام ، پروفیسرز اور چنیدہ اکیڈیمک ماہرین کا تیار کردہ ہے ۔
4. تعلیمی اسباق جدید ترین تعلیمی طریقوں اور پرگرامنگ کی ٹیکنیکس کے مطابق تیار کئے گئے ہیں ۔

5. پیش کردہ اسباق میں عبادتی، سمعی وبصری اور تاثراتی متنوع ہے جنہیں فاصلاتی تعلیم کا نظام تیار کرنے والے ماہرین نے بہت ہی بہتر انداز میں تقسیم کیا ہے۔
6. فرضی کلاسوں اور برقی بحث ومباحثوں کے ذریعہ طلبہ کا اساتذہ کے ساتھ ربط قائم کیا گیا ہے۔
7. پورے دن (چوبیس گھنٹے) فنی مدد فراہم کی گئی ہے۔
8. مشکلات پیش آنے پر طالب علم کی مدد کے لئے نمایاں تدریسی عملے کی فراہمی ۔

دوم: داخلے کی شرائط

علوم اسلامیہ میں "عالیہ" لیسانس کی ڈگری کے لئے داخلہ لینے کی مندرجہ ذیل شرائط ہیں :

1. ازہری ثانوی سند یا اس کے مساوی سند یا مصری ثانویہ عامہ یا اس کے مساوی سند حاصل کی ہو۔
2. نیک نام مسلمان ہو ۔
3. عربی زبان پر عبور حاصل ہو۔

سوم: تدریسی نظام

فیکلٹی میں تعلیم منظور شدہ گھنٹوں کے نظام پر دی جاتی ہے۔ چنانچہ تعلیمی سال تین تعلیمی ٹرمز (مراحل ) میں منقسم ہے ۔

پہلی ٹرم: آغاز ماہ نومبر کے دوسرے سنیچر سے پندرہ ہفتوں کے لئے ہوتا ہے۔

دوسری ٹرم: آغاز ماہ مارچ کے دوسرے سنیچر سے پندرہ ہفتوں کے لئے ہوتا ہے۔

تیسری ٹرم: آغاز ماہ جولائی کے دوسرے سنیچر سے چھ ہفتوں کے لئے ہوتا ہے۔

## چہارم: تعلیمی فیس

ایک کورس/ مضمون کی تعلیمی فیس اسی (80) امریکی ڈالر ہے ایک سال کی تعلیمی فیس ایک ہزار پانچ سو (1500) امریکی ڈالر ہے۔ ایک سال کی تعلیمی فیس دو مساوی قسطوں میں ادا کی جا سکتی ہے ۔ فیس پروگرام کے برقی ادائیگی نظام کے ذریعہ بھی ادا کی جا سکتی ہے، طالب علم ایک تعلیمی ٹرم میں کم از کم پانچ کورسز/ مضامین رجسٹر کرا سکتا ہے۔

## پنجم: درخواست اور رجسٹریشن

پروگرام میں داخلے کے لئے درخواستوں کی ویب سائٹ :

www.azharegypt.edu.eg کے ذریعہ انٹرنیٹ پر ہمیشہ وصول کی جاتی ہیں ۔ اور یہ کئی مرحلوں میں ہوتا ہے ۔

### پروگرام میں رجسٹریشن کے مراحل

### پہلا مرحلہ : الیکٹرانک رجسٹریشن

طالب علم داخلے کا فارم پر کرکے اسے سائٹ پر دیتا ہے، اس کے بعد بیانات کے صحیح ہونے کی جانچ پڑتال کے لئے ایک نیا صفحہ ظاہر ہوتا ہے۔

### دوسرا مرحلہ : ای میل کے ذریعے طالب علم کو ملکیت کی یقین دہانی

درخواست دینے کے بعد آپ کو فوری الیکٹرونک پیغام کے ذریعہ مطلع کیا جائے گا جس کے ساتھ آپ کا نام اور پاس ورڈ ہوگا ۔

### تیسرا مرحلہ : ویب سائٹ پر دستاویزات کا لوڈ کرنا

اگر طالب علم نے درخواست پر کرتے وقت اپنی تعلیمی دستاویزات بھیجیں تو وہ اس ای میل **E.Mail** پر اپنی دستاویزات ارسال کرے .
[reg.office@azharegypt.net](mailto:reg.office@azharegypt.net)

<u>چوتھا مرحلہ</u>: <u>پیش کردہ درخواست پر نظر ثانی</u>

آپ کی درخواست پر دو ہفتوں کے اندر نظر ثانی کی جائے گی اس کے بعد رجسٹریشن کی تکمیل کے لئے ضروری مطلوبہ اشیاء کی تفصیلی فہرست بھیجی جائے گی .

<u>پانچواں مرحلہ</u>: <u>درخواست کی منظوری کے نتیجے پیروی</u>

آپ اپنی درخواست کے منظور ہونےکی مدت کے دوران انٹرنیٹ پر استعمال کرنے والے کا نام اور اپنا پاس ورڈ داخل کر کے درخواست کے نتیجے کی پیروی کر سکتے ہیں .

<u>چھٹا مرحلہ</u>: <u>اوراق ومستندات کی ترسیل اور فیس کی ادائیگی</u>

مطلوبہ اوراق اور اسناد بہترین فوری ڈاک کے ذریعہ ارسال کی جائیں .

<u>ساتواں مرحلہ</u>: <u>کورسز/ مضامین کی رجسٹریشن</u>
تعلیم میں شمولیت کی تیاری کے طور پر طالب علم کو یونیورسٹی میں اپنی تعلیم کے آغاز میں پہلی ٹرم کے مضامین رجسٹر کرانے ضروری ہیں .

<u>خط وکتابت اور اتصالات</u>
آپ مندرجہ ذیل وسائل کے ذریعہ ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں :

ڈاک کا پتہ:

عالمی ایسوسی ایشن برائے الازہر گریجوایٹس ، نصر سیٹی،

پوسٹل کوڈ 11884، القاہرہ، عرب جمہوریہ مصر۔
**Azhar -Azhar Graduates, Al-World Association For Al**
**University, Nasr city, Postal code 11884, Cairo,Egypt.**
**E.Mail; reg.office@azharegypt.net**
**Https://** فیس بک پر ہمارا صفحہ
**www.facebook.com/Azharegypt**